17-Nov-12

پریس ریلیز

متولی وکلید بردار کعبہ فضیلۃ الشیخ عبدالقادر الشیبی کا دورہ عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل

کراچی (پ۔ر) متولی وکلید بردار کعبہ فضیلۃ الشیخ جناب عبدالقادر الشیبی نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل کا دورہ کیا اور بورڈ آف ٹرسٹیز کے اراکین اور عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے کارکنان کے ساتھ ملاقات بھی کی۔اس موقع پر شیخ عبدالقادر الشیبی نے عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ کے ہسپتال میں جہاں روزانہ 600 مریضوں کے مفت علاج کے سلسلے میں سالانہ 20 کروڑ روپے کے اخراجات کیے جاتے ہیں، مریضوں سے ملاقات کی اور ان کی صحت کیلئے دعا فرمائی ساتھ ہی ساتھ حجاج کرام اور معتمرین کی سہولت کیلئے ٹرسٹ کے زیر انتظام عالمگیر احرام ہاؤس کا افتتاح بھی فرمایا اور برکت کیلئے دعا فرمائی۔

دریں اثناء چیئرمین عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ اور بورڈ آف ٹرسٹیز کے اراکین نے جناب شیخ عبدالقادر الشیبی اور ان کے معاون خصوصی جناب یوسف مستوئی کو یادگاری شیلڈ پیش کی۔اس موقع پر حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے فضیلۃ الشیخ عبدالقادر الشیبی نے کہا کہ انہیں یہاں آکر دلی مسرت ہوئی ہے اور عالمگیر ویلفیئر ٹرسٹ انٹرنیشنل انسانیت کی جس انداز سے خدمت کر رہا ہے وہ قابل تحسین ہے۔ان کے معاون خصوصی جناب یوسف مستوئی نے بھی کہا کہ جس طرح یہ ادارہ دکھی لوگوں کی مدد کر رہا ہے وہ قابل تقلید ہے اور عین اسلامی اصولوں کے مطابق ہے۔

خاندان شیبہ گزشتہ پندرہ صدیوں سے خانہ کعبہ کے متولی اور کلید بردار کی حیثیت سے خدمات انجام دے رہا ہے۔اس موقع پر ٹرسٹ کے ترجمان شکیل دہلوی نے کہا کہ یہ ادارے کی خوش نصیبی ہے کہ اللہ کے گھر کے متولی نے ہماری خدمات کا مشاہدہ کیا اور انہیں سراہا۔

#

شکیل دہلوی

ڈائریکٹر تعلقات عامہ

0333-2111645